Qaumi Tanzeem Patna.Wed.21 January. 2015

مولانا مظہرالحق ٹیچرس ٹریننگ کالج کا ٹریننگ پروگرام ختم

سمستی پور: (سید اعظم حسین) مولانا مظہرالحق ٹیچرس ٹریننگ کالج کے طلبا کے ذریعہ چالیس روزہ ٹریننگ پروگرام کا آج اختتامی جلسہ شہر کے گرلس ہائی اسکول کاشی پور اور گرلس ہائی اسکول گھوس لین میں اختتام پذیر ہوا۔ اس موقع پر اپنے خطاب میں کالج کے سکریٹری محمد ابوتمیم نے طلبا کو کامیابی کے ساتھ اس ٹریننگ پروگرام کو انجام دینے کے لئے اپنے نیک دعاؤں سے نوازا اور انہیں ایک اچھے اور باکمال استاد بننے کی دعائیں بھی دیں۔ دونوں اسکولوں کے پرنسپل نے بھی اس موقع پر اچھے استاد کی خوبیوں اور افادیت پر زور دیا۔ دونوں اسکول کی بچیوں نے اس موقع پر رنگا رنگ پروگرام پیش کیا جس پر کالج کے سکریٹری نے پروگرام پیش کرنے والی طالبات کو نقد انعام سے نوازا اور بہترین رقص پیش کرنے والی ایک طالبہ کو ٹریننگ کالج میں مفت تعلیم دینے کا اعلان کیا۔ ان دونوں جلسوں میں اور لوگوں کے علاوہ کالج کے ڈائرکٹر محمد ابوسعید، ڈاکٹر علی حسن انصاری، ڈاکٹر پرتیا رائے اور ڈاکٹر اکیلا نے بھی اپنے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔